| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ُت‘ | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔<br>حرف ُت‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔درست ساخت/بناوٹ سے ُت‘ لکھ سکیں ۔حرف ُت‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ُت‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | دہرائی:<br>بچوں کو ’حروف تہجی اردو کے‘،نظم سنائی جائے گی اور ’ا سے لے کر پ‘ تک کا درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔<br>تعارف:<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ُت‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر ُت‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ُت‘ ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف ُت‘ کی آدھی شکل ُت‘ کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ ُت‘ حروف تہجی کا پانچواں حرف ہے۔اُس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ُت‘ درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف ُت‘ کے ذخیرہ الفاظ تکیہ،تاج، تلوار،تالاب،تصویر،توا،تیتر اور تسمہ فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ُت‘ کی پوری اور آدھی شکل کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں۔تختہ سفید/سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔جس پر بچوں کو حرف ُت‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ُت‘ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 10 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ُت‘ پر انگلی پھیریے اور اُس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔حرف ُت‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔مثال کے طور پر ت تلوار، ت تالاب وغیرہ۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ُت‘ کی آدھی اور پوری شکل پر پینسل پھیریے اور اور تربوز میں رنگ بھریے۔<br>اختتامیہ: بچوں کو حرف ُت‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Puppet Stick | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ُت‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ‘ت’ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ حرف ‘ت’ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے ‘ت’ لکھ سکیں۔ حرف ‘ت’ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ‘ت’ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروف تہجی اُردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ‘ت’ کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ‘ت’ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ‘ت’ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو تکیہ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ تکیہ ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم تکیہ کیوں استعمال کرتے ہیں اور کب استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو تکیہ کی ابتدائی آواز ‘ت’ کی ہے۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ‘ت’ کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>گروپ کی سرگرمی کے وقت طلباء کو دائرے کی شکل میں بٹھا دیجیے۔ اب انھیں ان اشیاء/ تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے جس کے نام ‘ت’ سے شروع ہوتے ہیں۔ ہر بچہ تھیلے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام پکارے پھر تھیلا اگلے بچے کو پکڑا دے۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں تتلی میں رنگ بھرنے اور ‘ت’ کی پوری شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ‘ت’ کی اشیاء<br>تصاویر تھیلا | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر ‘ت’ کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گ۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'ت' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔<br>حرف 'ت' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے 'ت' لکھ سکیں۔ حرف 'ت' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ت' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ت' کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ت' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ت' سے تاج کے بارے میں بات کریں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ تاج کس کس کو پسند ہے۔ تاج کون پہنتا ہے اور اُن میں سے کسی کے پاس تاج ہے۔ ایک دن پہلے بچوں کو کہا جائے گا کہ جس کے پاس گھر میں تاج ہے وہ تاج پہن کے آئے۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ت' بنائیں۔ اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ت' اور نقطوں کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے اور بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'ت' کے کٹ آؤٹ کو میز پر رکھیں اور نقطے رکھ کے بتائیں کے نقطے کہا اور کتنے آئیں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس پر تربوز بنا ہوگا۔ بچوں کو تربوز کے بیج کے کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا تربوز میں رنگ بھر کر اُس کے بیج چسپاں کریں اور 'ت' کی چھوٹی شکل پر پینسل پھیریئے۔ | 20 منٹ | تربوز کے بیج کے کٹ آؤٹ، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے تربوز، تالا، تیر کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |
| | **گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ دی جائے گی جس میں 'ت' کی پوری شکل میں رنگ بھریں اور ت کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ت‘ | دن: | چوتھا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ۔ حرف ’ت‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے ’ت‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ت‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’ت‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ت‘ کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف ’ت‘ کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ت‘ کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے تصویر، توا، تیتر اور تسمہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ’ت‘ کی ہوپ سکوچ گیم کھلائی جائے گی۔ بچوں کو پلے گراؤنڈ میں لے کر جایا جائے گا وہاں زمین پر چاک سے ’پ‘ اور ’ت‘ لکھا جائے گا بچوں کو کہا جائے گا کہ وہ ’ت‘ کو ڈھونڈیں اور اُس پر چھلانگ لگائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 11 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتائیے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف ’ت‘ کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے۔ نیچے دی گئی ’ت‘ کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے تیتر، تلوار، تسمہ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈز<br>ہوپ سکوچ گیم<br>چاک<br>کتاب صفحہ نمبر 11 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ت‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’ت‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ۔ حرف ’ت‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/بناوٹ سے ’ت‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ت‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف ’ت‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’ت‘ کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ت‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو تالاب کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ تالاب ہے۔ اُن سے پوچھا جائے گا کہ آپ کو اس میں نہانا پسند ہے اور کس کس کو تالاب میں نہانا پسند ہے۔ پھر بچوں کو تلوار کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ تلوار ہے۔ آپ لوگوں نے کارڈز میں دیکھی ہوگی بچوں سے پوچھا جائے گا کہ تلوار سے ہم کیا کرتے ہیں۔<br>بچوں کو Salt Tray دے کر حرف ’ت‘ کی درست بناوٹ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Salt Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’ت‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’ت‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’ت‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | | کاپی ورک | |